© rasailojaraid.com

شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی

# بادشاہ اور درویش

ایک تھا نیک آدمی
لاکھوں میں
ایک آدمی
خواب میں اُس نے دیکھا
کہ ایک بادشاہ
بہشت و جنت میں ہے
آرام وراحت میں ہے
اور ایک درویش
اعمال نامہ کے ساتھ
پر پیچ ورنگین
عمامہ کے ساتھ
آتش دوزخ میں ہے
نارجہنم میں ہے
وہ سوچ میں پڑ گیا
کہ لوگ تو سمجھ رہے تھے
کہ بادشاہ دوزخ میں ہوگا
اور درویش جنت میں
لیکن یہاں تو معاملہ برعکس نکلا
غیب سے ندا آئی
یہ بادشاہ
درویشوں سے عقیدت رکھتا تھا
دل سے اُن کی عزت کرتا تھا
اس لئے بہشت میں ہے
اور اس درویش کو
مرغن غذاؤں کا
معطر ہواؤں کا
فرمائشی دعاؤں کا
بڑا ذوق تھا
امراء کے تقربّ کا بڑا شوق تھا
اس لئے جہنم میں ہے

..................

۲۰/جون ۲۰۰۲ء

جمعرات (پیروں، فقیروں کی خوشی کا دن)

© rasailojaraid.com